QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 77

ویسٹرن بائی پاس کے علاقے جبل نور میں بجلی چوری کے خلاف کارروائی،
تین غیر قانونی ٹرانسفارمرز قبضے میں لے لئے گئے

کوئٹہ: 10 نومبر 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کی جانب سے بجلی چوروں اور غیر قانونی بجلی کے استعمال کے خلاف مختلف علاقوں میں بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔اس سلسلے میں کیسکو کرانی سب ڈویژن کی آپریشن ٹیم کو خفیہ اطلاع ملی کہ ویسٹرن بائی پاس کے علاقے جبل نور میں ایک نجی واٹر سپلائی اسکیم 11kv لائن سے غیر قانونی طور پر بجلی حاصل کر رہا ہے۔جس پر کیسکو ٹیموں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے موقع پر پرائیویٹ واٹر سپلائی کے غیر قانونی بجلی کنکشن منقطع کر دیا اور وہاں پر نصب 3 ٹرانسفارمرز بھی اُتار کر قبضہ میں لے لئے،جن میں 100 کے وی کا ایک ٹرانسفارمر جبکہ 50 کے وی کے دو ٹرانسفارمرز شامل ہیں۔کیسکو نے تمام صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ بجلی کے غیر قانونی استعمال سے اجتناب کریں اور بجلی چوروں کی نشاندہی کر کے اس کے خاتمے میں کیسکو کے ساتھ تعاون کریں۔ # # #

نمبر: کیسکو پی آر 78

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 10 نومبر 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبوں کی تنصیب کئے جا رہے ہیں۔اس سلسلے میں 12 نومبر کو (بروز جمعرات) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv شہباز ٹاؤن، ملک پلانٹ،نواں کلی،صاحبزادہ کاریز فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہیگی نیز اُسی روز مری آباد گرڈ اسٹیشن کے 11kv مری آباد،کاسی ٹو فیڈر جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ویسٹرن بائی پاس،خروٹ آباد،جبل نور،تکاتو،دوستین اور ادیان فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔ # # #